لفظ سے بیان نہیں کیا تا ایک امر زائد کیطرف اشارہ کرے کیونکہ یہ سورج گرہن جو بعد چاند گرہن

خسوف القمر کان غریبا و نادرۃ الصور وان کنت تطلب علی ہذا شاہدا

کے ہوا یہ ایک غیر معمولی اور نادرۃ الصور تھا اور اگر تو اسپر کوئی گواہ طلب کرتا ہے

او تبغی مشاہدا فقد شاہدت صورہ الغریبۃ واشکالہ العجیبۃ ان کنت

یا مشاہدہ کرنے والوں کو چاہتا ہے پس اس سورج گرہن کی صور غریبہ اور اشکال عجیبہ مشاہدہ کر چکا ہے

من ذوی العینین ثم کفاک فی شہادتہ ما طبع فی الجریدتین المشہورتین

پھر تجھے اس بارہ میں وہ خبر کفایت کرتی ہے جو دو مشہور اور متقبول اخبار

المقبولتین اعنی الجریدۃ الانکلیزیۃ پانیر وسول ملتری کزٹ المشاعتین

یعنے پانیر اور سول ملٹری گزٹ میں لکھے گئے ہے اور وہ دونو

فی مارچ سنہ ۱۸۹۴ والمشتہرتین ـ واما تفصیل الشہادتین فہو ان

پرچے مارچ ۱۸۹۴ کے مہینہ میں شائع ہوئے ہیں ـ اوران کی گواہیوں کی تفصیل یہ ہے کہ ان دونو

ہذا الکسوف الواقع فی ۶ ـ ابریل سنہ ۱۸۹۴ منفرد بطرائفہ ولم یر مثلہ

پرچوں میں لکھا ہے کہ یہ کسوف اپنے عجائبات میں منفرد اور غیر معمولی ہے یعنے وہ ایک ایسا کسوف ہے

من قبل فی کوائفہ واشکالہ عجیبۃ واوضاعہ غریبۃ وہو خارق للعادۃ ومخالف للمعمول

جو اسکی نظیر پہلے نہیں دیکھی گئی اور اسکی شکلیں عجیب ہیں اور اسکی وضعیں غریب ہیں اور وہ خارق عادت اور مخالف معمول اور سنت ہے

والسنۃ فثبت ما جاء فی القرآن وحدیث خاتم النبیین ولا شک ان اجتماع الخسوف والکسوف فی شہر رمضان

پس اس سے وہ غیر معمولی ہونا ثابت ہوا جسکا بیان قرآن کریم اور حدیث خاتم الانبیا میں موجود ہے اور کچھ شک نہیں کہ کسوف خسوف اس مہینہ

مع ہذہ الغرابۃ امر خارق للعادۃ واذا نظرت معہ رجلا یقول انی انا المسیح الموعود والمہدی المسعود

رمضان میں اس غیر معمولی حالت کے ساتھ جمع ہونا ایک امر خارق عادت ہے اور جبکہ اسکے ساتھ تو نے ایک آدمی کو دیکھا جو کہتا ہے کہ میں مسیح موعود

والملہم المرسل من الحضرۃ وکان ظہورہ مقارنا بہذہ الآیۃ فلا شک انہا امر ما سمع اجتماعہا فی

اور مہدی ہوں اور خسوف کسوف کے ساتھ اسکا ظہور مقارن ہے پس کچھ شک نہیں کہ یہ تمام امور ایسے ہیں جو پہلے کسی زمانہ میں جمع نہیں ہوئے جو انکار کرے

وقوعه فی حین من الاحیان۔ ثم لما ظهرت هذه الاية فی هذه الديار وهذا
کہ کسی وقت پہلے اس سے یہ کسوف خسوف معہ مدعی مہدویت کے وقوع میں آیا ہے پھر جبکہ یہ نشان اسی ملک اور اسی مقام
المقام ولم يظهر اثر منها فی بلاد العرب والشام فهذه شهادة من الله العلّام لصدق
میں ظاہر ہوا اور بلاد عرب اور شام میں کچھ اسکا نشان نہ پایا گیا سو یہ خدا تعالیٰ کیطرف سے ہمارے
دعوانا یا اهل الاسلام فقوموا فرادیٰ واتركوا من بخل وعاد ـــ
صدق دعویٰ پر ایک نشان ہے پس تم ایک ایک ہو کر کھڑے ہو جاؤ اور جو شخص بخیل اور دشمن ہو اسکو چھوڑ دو
ثم تفكّروا ودعوا عنادا ولا تلقوا بايديكم الى التهلكة ولا تفسدوا افسادا ولا تعرضوا
پھر فکر کرو اور عناد کو چھوڑ دو اور اپنے ہاتھوں سے اپنے تئیں ہلاک مت کرو اور جلدی سے
مستعجلين۔ یا عباد الله رحمكم الله اتقوا الله ولا تتكبّروا وفكّروا وتدبّروا
کنارہ کش مت ہو جاؤ۔ اے بندگان خدا فکر کرو اور سوچو کیا تمہارے نزدیک
ايجوز عندكم ان یکون المهدی فی بلاد العرب او الشام وآيته تظهر
جائز ہے کہ مہدی تو بلاد عرب اور شام میں پیدا ہو اور اسکا نشان ہمارے
فی هذا المقام وانتم تعلمون ان الحكمة الالهية لا تبعد الايات من اهلها
ملک میں ظاہر ہو اور تم جانتے ہو کہ حکمت الٰہیہ نشان کو اسکے اہل سے جدا نہیں کرتی
وصاحبها ومحلّها فكيف يمكن ان یکون المهدی فی مغرب الارض وآيته
پس کیونکر ممکن ہے کہ مہدی تو مغرب میں ہو اور اسکا نشان
تظهر فی مشرقها فكفاكم هذا ان كنتم من الطالبين۔
مشرق میں ظاہر ہو اور تمہارے لئے اس قدر کافی ہے اگر تم طالب حق ہو۔
ثم مع ذلك لا يخفى عليكم انّ بلاد العرب والشام خالية عن
پھر یہ بھی تم پر پوشیدہ نہیں کہ بلاد عرب اور شام ایسے مدعی کے وجود
اهل هذه الادعاء ولن تسمع اثرا منه فی تلك الارجاء ولكنكم تعلمون انی
سے خالی ہیں اور ان اطراف میں ایسے مدعی کا نشان نہیں پایا جاتا مگر تم جانتے ہو کہ میں
اقول من بضع سنين بامر رب العالمين انی انا المسيح الموعود والمهدی
کئی برس سے بامر رب العالمین کہہ رہا ہوں کہ میں مسیح موعود اور مہدی

المسعود وانتم تکفروننی وتلعنوننی وتکذبوننی وجاءتکم البینات وازیلت
مسعود ہوں اور تم مجھے کافر ٹھہراتے اور لعنت کرتے اور جھٹلاتے ہو اور کھلی کھلی نشانیاں تمہارے پاس

الشبہات ثم کنتم علی التکفیر مصرین - اعجبتم ان جاءکم منذر منکم
پہنچیں اور تمہاری شبہات دور کئے گئے اور پھر تم کافر ٹھہرانے پر اصرار کرتے رہے کیا تم نے تعجب کیا کہ تم میں سے ایک ڈرانے

علی راس المائة فی وقت نزول المصائب علی الملة واشتداد العلة وکنتم
والا صدی کے سر پر آیا اور اُس وقت آیا کہ جب دین اسلام پر مصیبتیں اتر رہی تھیں اور بیماری بہت شدت کر گئی تھی

تنتظرون من قبل کانتظار الاھلة وقد جاءکم فی ایام احاطة الضلالات
اور تم اس سے پہلے ایسی انتظار کرتے تھے کہ جیسی چاند کی انتظاری کی جاتی تھی اور آنیوالا اس وقت تمہارے پاس آیا کہ جب

وتغیر الحالات بعد ما ترک الناس الحقیقة وفارقوا الطریقة الا تنظرون او صرتم
گمراہیں محیط ہو چکی تھیں اور حالات بدل چکے تھے اُس وقت کے بعد کہ لوگوں نے حقیقت کو چھوڑ دیا اور طریقت سے دور

کالعمین الا تذکرون ما قال عالم الغیب وھو اصدق القائلین وبشرکم
جا پڑے کیا تم دیکھتے نہیں یا تم اندھوں کی طرح ہو گئے کیا تم وہ باتیں یاد نہیں کرتے جو عالم الغیب نے کہیں اور اُس نے تمہیں ایک

بامام آتٍ فی کتابه المبین وقال ثلة من الاولین
آنیوالے امام کی قرآن کریم میں خبر دی ہے اور کہا کہ ایک گروہ پہلوں میں سے اور ایک

وثلة من الاخرین ولکل ثلة امام فانظروا ھل فیه کلام فاین تفرون
گروہ پچھلوں میں سے ہوگا اور ہر ایک گروہ کے لئے ایک امام ہوتا ہے سو سوچو کیا اسمیں کوئی کلام ہے سو تم

من امام الاخرین -
امام الآخرین سے کہاں بھاگتے ہو -

القصیدہ

بُشریٰ لکم یا معشر الاخوانِ
تمہیں اے جماعت برادران بشارت ہو

طوبیٰ لکم یا مجمع الخلّانِ
تمہیں اے جماعت دوستان مبارک ہو

ظہرت بروق عنایت المنّانِ
خدا تعالیٰ کی عنایت کی چمک ظاہر ہو گئی

وبدا الصراط لمن له العینانِ
اور جو شخص دو آنکھیں رکھتا ہے اُسکے لئے راہ کھل گیا

النیّران بهذه البلدانِ
سورج اور چاند کو اِن ملکون مین
خسفا باذن الله فی رمضانِ
باذن اللہ رمضان مین گرہن لگ گیا

وبشارة من سیّدٍ خیر الوریٰ
اور ایک بشارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی
ظهرت مطهّرة من الادرانِ
ایسے پاک طور پر ظاہر ہوگئی کہ کوئی میل اُسکے ساتھ نہین

ولها کصاعقة السّماء مهابة
اور انہین صاعقہ کی طرح ایک ہیبت ہے
وتشذّر کتشذّر الفرسانِ
اور سوارون کیطرح ایک رعبناک گردن کشی ہے

الیوم یوم فیه حصحص صدقنا
آج وہ دن ہے جسمین ہمارا صدق ظاہر ہوگیا
قد مات کل مکذّبٍ فتانِ
اور ہر ایک مکذب فتنہ انگیز مرگیا

الیوم یبکی کلّ اهل بصیرة
آج ہر یک اہل بصیرت رو رہا ہے
متذکّرا لمراحم الرحمانِ
اور رونے کا سبب خدا تعالیٰ کی رحمتون کو یاد کرنا ہے

ومصدّقا انوار نبأ نبیّنا
اور دوسرے یہ سبب رونیوالے آنحضرت صلعم کی پیشگوئی کو تصدیق کرتے ہین
ومعظّما لمواهب المنّانِ
اور بخشایش محسن حقیقی کی عظمت کا تصور کر رہے ہین

الیوم کل مبایع ذی فطنة
آج ہر یک دانا بیعت کرنے والا
ازداد ایمانا علےٰ ایمانِ
اپنے ایمان مین ایسا زیادہ ہوگیا کہ گویا نیا ایمان پایا

الیوم من عادا رئ خسرانه
آج ہر یک دشمن نے اپنا نقصان دیکھہ لیا
والتاح مقعده من النّیرانِ
اور اُس کا آگ مین ٹھکانا ہونا ظاہر ہوگیا

الیوم کل موافق ذی قربةٍ
آج ہر یک موافق ذی قربت نے
قد شد ربط جنانه بجنانی
اپنے دل کا ربط میرے دل سے زیادہ کر لیا

ظهرت کمثل الشمس حجّة صدقنا
آفتاب کیطرح ہمارے صدق کی حجت ظاہر ہوگئی
او کالخیول الصافنات بشانِ
یا اپنی شان مین ان گہوڑو کیطرح جب قدم کے مقابل پر انکا

مات العدا بتفکن وتندّم
دشمن شرمندگی اور ندامت سے مر گئے
والحق بان کصارم عریانِ
اور حق ایسا کہل گیا جیسا کہ ننگی تلوار

الله اکبر کیف ابدا آیته
کیا ہی بزرگ خدا ہے کیونکر اُس نے نشان کو ظاہر کیا
کشف الغطا بانارة البرهانِ
برہان کو روشن کرکے پردہ کو کہولدیا

هل كان هذا فعل رب قادر
کیا یہہ خدا تعالی کا فعل ہے
هذا نجوم او من الجفر الذي
کیا یہہ نجوم ہے یا وہ جفر ہے
فارجع الى الحق الذي اخزى العدا
سو اُس خدا کی طرف رجوع کر جسنے دشمنوں کو رسوا کیا
اليوم بعد مرور شهر صيامنا
آج رمضان کے گذرنے کے بعد
اليوم يوم طيّب ومبارك
آج دن پاک اور مبارک ہے
من حارب المقبول حارب ربه
جس نے مقبول سے جنگ کیا اُسنے اپنی رب سے جنگ کیا
من كان في حفظ الإله وعونه
جو شخص خدا تعالی کی حفاظت اور مدد مین ہو
كيدوا جميعا كلكم لاهانتي
تم سب ملکر میری اہانت کے لئے کوشش کرو
قوموا لتحقيري بعزم واحد
تم میرے حقیر کرنیکے لئے ایک ہی قصد کے ساتھہ اُٹھہ کہڑے ہو
كونوا كذئب ثم صولوا بالمدى
تم بہیڑئے ہوجاؤ پہر کاردون کے ساتھ حملہ کرو
هل يستوى اهل السعادة والشقا
کیا سعید اور بدبخت برابر ہوسکتا ہے
الوقت يدعو مصلحا ومجددا
وقت ایک مصلح اور مجدد کو بلا رہا ہے

ام هل تراه مكائد الانسان
یا تو اسکو انسان کا فریب سمجہتا ہے
فكّرت فيه كمفتر فتان
جسمین تونے مفتروں فتنہ انگیزوں کیطرح فکر سے کام لیا ہے
واهان كل مكفّر لعّان
اور ہر ایک کافر ٹہرانیوالے لعنت کرنیوالے کو بےعزت کردیا
عيد لاقوام لنا عيدان
اور لوگون کے لئے ایک عید ہے اور ہماری لئے دو عیدین
يخزي بآيته ذوي الطغيان
اپنے نشانون کے ساتھ رسوا کر رہا
فهوى شقا في هوّة الخسران
سو وہ بدبختی سے زیان کاری کی گڑھے مین گرا
من يهلكنه وان سعى الثقلان
اسکو کون ہلاک کرسکتا ہے اگرچہ جن و انس کوشش کرین
ثم انظروا اكرام من صافاني
پہر دیکہو کہ کیونکر مجہے وہ بزرگی دیتا ہے جسنے مجہے اپنی دوستی کیلئے برگزیدہ کیا ہے
ثم انظروا اعظام من والاني
پہر دیکہو کہ کیونکر وہ مجہے عزت بخشتا ہے جسنے مجہے دوست پکڑا ہے
ثم انظروا اقدام من نلجاني
پہر دیکہو کہ کیونکر وہ میدان مین آتا ہے جو میرا ہمراز ہے
افانت اعمى او اخ الشيطان
کیا تو اندہا ہے یا شیطان کا بہائی
فارنوا بنظر طاهر وجنان
سو تم ایک نظر اور پاک دل کے ساتھہ دیکہو

اتظن ان اللہ یخلف وعدہ
کیا تو گمان کرتا ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے وعدہ کو پورا نہیں کریگا

افانت تنکر موعد الفرقانِ
کیا تو فرقان کے وعدہ سے انکار کرتا ہے

یا ایہا الناس اترکوا طرق الابا
اے لوگو سرکشی کی راہوں کو چھوڑ دو

کونوا لوجہ اللہ من اعوانی
اور خالصاً للہ میرے انصار میں سے بنجاؤ

یا ایہا العادون فی جہلاتہم
اے وے لوگو جو باطل باتوں میں حد سے گزر گئے ہو

توبوا من الافساد والطغیانِ
فساد اور بے اعتدالی سے توبہ کرو

لا تغضبوا المولیٰ وتوبوا واتقوا
اپنے مولیٰ کو غصہ مت دلاؤ اور توبہ کرو اور تقویٰ اختیار کرو

وکخائف خروا علی الاذقانِ
اور ڈرنے والوں کیطرح اپنی ٹھوڑیوں پر گرو

القمر یہدیکم الیٰ نور الہدیٰ
چاند تمہیں ہدایت کیطرف رہنمائی کرتا ہے

والشمس تدعوکم الی الایمانِ
اور سورج تمہیں ایمان کیطرف بلا رہا ہے

ظہرت لکم آیات خلاق الوریٰ
تمہارے فائدہ کیلئے خدا تعالیٰ کیطرف سے نشان ظاہر ہو گئے

فی ملککم لمؤید سبحانی
وہ تمہارے ہی ملک میں مؤید سبحانی کیلئے ظاہر ہوئے

ہل ہٰذہ من قسم عمل منجمٍ
کیا یہ کسی نجومی کا کام ہے

او آیۃ عظمیٰ عظیم الشانِ
یا خدا تعالیٰ کا ایک عظیم الشان نشان ہے

ہٰذا حدیث من نبی مصطفیٰ
یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے

کہف الانام وسید الشجعانِ
پناہ خلقت کی اور سردار بہادروں کے

جلت الفتوح وبان صدق کلامنا
فتوح ظاہر ہو گئی اور ہماری کلام کا صدق کھل گیا

وتبینت طرق الہدیٰ ومکانی
اور ہدایت کے رستے اور میرا مرتبہ نمودار ہو گیا

افبعد ما کشف الغطا بقی الابا
کیا پردہ کھلنے کے بعد پھر سرکشی باقی رہ گئی

ویل لمجترءٍ مصرٍّ جانی
اس شخص پر واویلا ہے جو گستاخ اصرار کرنیوالا گنہگار ہو

ما کان قط ولا یکون کمثلہ
اس مہینہ کیطرح نہ ہوا اور نہ کبھی ہو گا

شہر بہٰذ الوصف فی الازمانِ
اس صفت کا مہینہ کسی زمانہ میں نہیں پایا جاتا

شہدت ید المولیٰ فہل منکم فتیٰ
خدا تعالیٰ کے ہاتھ نے گواہی دیدی پس کیا کوئی مرد ہے

یبدی المحبۃ بعد ما عادانی
جو عداوت کے بعد محبت کو ظاہر کرے

وارادربي ان يري اياته
اور میرے رب نے ارادہ فرمایا ہے جو اپنے نشانوں کو ظاہر کرے
ويمزق الدجال ذا الهذيان
اور دجّال فضول گو کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے

اني ارى كالميت من آذاني
جس نے مجھ کو دکھ دیا مین اسکو مُردے کیطرح دیکھتا ہون
لاتسمعن اصواته آذاني
اور میرے کان اُسکی آواز نہین سُنتے

هذا زمان قد سمعتم ذكره
یہہ وہ زمانہ ہے جس کا تم ذکر سُن چکے ہو
من خير خلق الله والقرآن
کس سے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور قرآن سے

من فاته هذا الزمان فقد هوى
جسکو یہ زمانہ فوت ہو گیا پس وہ نیچے گرا
واختار جهلا وادي الخذلان
اور اپنی جہالت سے وادیٔ خذلان کو اُسنے پسند کر لیا

كم من عدو يشتمون تعصبا
بہت ایسے دشمن ہین کہ محض تعصب سے گالیان نکالتے ہین
ويرون اياتي ونور بياني
اور میرے نشان اور میرے بیان کا نور دیکھتے ہین

وخيالهم يطفو كحوت ميت
اور اُن کا خیال مُردہ مچھلی کیطرح تیرتا ہے
لا ينظرون مواقع الامعان
غور کے موقعون کو وہ نہین دیکھتے

شهدت لهم شمس السماء ومثلها
اُنکے لئے آسمان کے سورج نے گواہی دی
قمر فيرتابون بعد عيان
اور ایسا ہی چاند نے پس بعد مشاہدہ کے شک کرتے ہین

خرجوا من التقوى وتركوا طرقه
تقوے سے خارج ہو گئے اور تقوی کی راہ چھوڑ دی
بوساوس دخلت من الشيطان
باعث اُن وسوسون کے جو شیطان کیطرف سے اُنمین داخل ہوئے

يا مكفري اهل السعادة والهدى
اے وے لوگو جو اہل سعادت کو کافر ٹھہراتے ہو
اليوم انزلتم بدار هوان
آج تم ذلت کے گھر مین اتارے گئے

توبوا من الهفوات يغفر ذنبكم
اپنی لغزشون سے توبہ کرو تا تمہارے گنہ بخشے جاوین
والله بر واسع الغفران
اور خدا تعالی نیکوکار وسیع المغفرت ہے

قد جاء مهديكم وظهرت اٰية
تمہارا مہدی آگیا اور نشان ظاہر ہو گیا
فاسعوا بصدق القلب يا فتياني
دوڑو اے میرے جوانو دلی صدق سے کوشش کرو

عندي شهادات فهل من مومن
میرے پاس گواہیان ہین پس کوئی ایمان لانیوالا ہے
نور يرى الداني فهل من داني
ایک نور ہے جو نزدیک آنیوالا اسکو دیکھتا ہے پس کیا کوئی نزدیک آنیوالا ہے

ظهرت شهادات فبعد ظهورها
گواہیاں ظاہر ہو گئیں سو انکے ظہور کے بعد

هذا أوان النصر من رب السما
یہہ رب السماء کیطرف سے مدد کا وقت ہے

نزلت ملائكة السماء لنصرنا
ہماری مدد کے لئے آسمان سے فرشتہ اتر آئے

دخلت بروق الدين في أرض العدا
دین کی روشنی دشمنوں کے زمین میں داخل ہو گئی

أفترقبون كظالمين جهالةً
کیا تم ظالموں کیطرح محض اپنے جہالت سے

لستم بأهل للمعارف والهدى
تم اس بات کے اہل نہیں ہو جو معارف اور ہدایت تمہیں معلوم ہو

لا تعرفون نكات صحف إلهنا
تم ہمارے خدا کے صحیفوں میں جو معارف ہیں انکو پہچانتے نہیں

قد جئتكم مثل ابن مريم غربةً
میں ابن مریم کیطرح غریب ہو کر تمہارے پاس آیا ہوں

السيف أنفاسي ورمحي كلمتي
میرے انفاس میرے تلوار ہیں اور میری کلمات میری نیزہ ہیں

حق فلا يسع الورى انكاره
یہی سچ ہے پس انکار پیش نہیں جا سکتا

يا طالب الرحمان ذي الاحسان
اے خدا ذوالاحسان کے طلب کرنیوالے

بادر إليّ ساخبرنك مشفقا
میری طرف دوڑ کہ میں تجھے شفقت کی راہ سے خبر دونگا

ما عذركم في حضرة السلطان
اللہ تعالی کی جناب میں کیا عذر کرو گے

ذي مصميات موبق الفتان
جسکے تیر خطا نہیں کرتے اور فتنہ انگیز کو ہلاک کرتا ہے

رعب العدا من عسكر روحاني
لشکر روحانی سے دشمن ڈر گئے

وبدا الهدى كالدرر في اللمعان
اور ہدایت چمکنے والے موتیوں کیطرح ظاہر ہو گئی۔

رجلا حريص السفك والاثخان
ایسے آدمی کی انتظار کرتے ہو جو خون ریزی کا حریص اور زخمی کرنیکا

فتلاعبوا بالدين كالصبيان
سو بچوں کیطرح دین کے ساتھ کھیلتے رہو

تتلون ألفاظاً بغير معاني
اور الفاظ کو بغیر معانی کے پڑھتے ہو

حق وربي يسمعن ويراني
یہ حق ہے اور میرا رب سنتا ہے اور دیکھ رہا ہے

ما جئتكم كمحارب بسنان
اور میں جنگجو کی طرح نیزہ کے ساتھ نہیں آیا

فاترك مراء الجهل والكفران
سو جہالت اور ناسپاسی کی لڑائی کو چھوڑ دے

قم والهاً واطلبه كالظمآن
شیفتہ کیطرح اٹھ اور پیاسے کیطرح اسکو ڈھونڈ

عن ذالك الوجه الذي صباني
اس منہ سے جس نے مجھے اپنی طرف کھینچا

احرق قراطیس البغاوة والابا
بغاوت اور سرکشی کے کاغذات جلاوے

اعطیتُ نوراً من ذکاء مھیمنی
مجھے اپنے خدا کے آفتاب سے ایک نور ملا ہے

بارزتُ للہ المھیمن غیرة
مین اللہ تعالیٰ کیلئے غیرت کی راہ سے میدان مین نکلا ہون

واللہ انی اوّل الشجعان
اور بخدا مین سب بہادرون سے پہلے ہون

من کان خصمی کان ربّی خصمہ
جو شخص میرا دشمن ہو خدا تعالیٰ اُسکا دشمن ہوگا

انّی رئیتُ ید المھیمن حافظی
مینے خدا کا ہاتھ اپنا محافظ دیکھا

من فضلہ انی کتبتُ معارفا
یہ اُسکے فضل سے ہے جو مینے معارف لکھے

یا قوم فی رمضان ظھرت اٰیتی
اے میری قوم میرا نشان رمضان مین ظاہر ہوا

فاقرء اذا ما شئت اٰیة ربّنا
پس اگر تو چاہے تو ہماری رب کی آیت کو پڑھ

ثمّ الحدیث حدیث اٰل محمدٍ
پھر حدیث حدیث آل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی

ھذا کلام نبیّنا وحبیبنا
یہ ہمارے نبی اور حبیب کا کلام ہے

ھذا اشدّ علی العدا وجموعھم
یہ پیشگوئی دشمنون پہ بہت سخت ہے

وادرکن الی الایقان والاذعان
اور یقین کیطرف جھک جا

لانیر وجہ البرّ والعمران
تاکہ مین جنگلون اور آبادیون کو روشن کردون

ادعو عدوّ الدّین فی المیدان
اور دشمن دین کو میدان مین بلاتا ہون

وستعرفنّ اذا التقا الجمعان
اور عنقریب تجھے معلوم ہوگا جب دونون لشکر ملینگے

قد بارز المولٰے لمن بارانی
خدا اُسکے مقابلہ پر نکلا جس نے میرا مقابلہ کیا

ومؤیّدی فی سائر الاحیان
اور ہر ایک وقت مین اپنا مؤید پایا

ادخلت بحر العلم فی الکیزان
اور علم کا دریا کوزہ مین داخل کردیا

من ربّنا الرحمٰن والدیّان
خدائے رحمان اور جزاے دہندہ سے

خسف القمر وتجاف عن عدوان
اور وہ آیت یہ ہے کہ خسف القمر اور ظلم سے الگ ہوجا

شرح لما یتلی من الفرقان
قرآن شریف کی آیات کے شرح مین

فافرغ الیہ وخل ذکر ادانی
پس اسکی طرف متوجہ ہو اور ادنی لوگون کا ذکر چھوڑ دی

من وقع سیف قاطع وسنان
تلوار اور نیزہ سے بھی زیادہ سخت

والحر بعد ثبوت امر قاطع
اور ایک آزاد آدمی ثبوت قطعی کے بعد
يهدى ولا يصغى الى بهتان
ہدایت دیا جاتا ہے اور بہتان کیطرف کان نہیں دھرتا

لا تعرضوا عنى وكيف صددتم
تم مجھ سے اعراض مت کرو اور کیونکر تم ایسے پیچھے ہوگئے
عن مرسل يهدى الى الفرقان
کنارہ کش ہوتے ہو جو فرقان کی طرف ہدایت دیتا ہے

ما جاءنى قومى شقا وتباعدوا
میری قوم بوجہ بدبختی کے میرے پاس نہیں آئی اور دور ہوگئی
فتركتهم مع لوعة الهجران
پس میں نے باوجود سوزش جدائی انہیں چھوڑ دیا

انى رئيت بهجر قوم فارقوا
میں نے اس قوم کی جدائی میں جو جدا ہو گئی
حالا كحالة مرسل كنعانى
وہ حالت دیکھی جو یعقوب علیہ السلام کی حالت سے مشابہ ہے

وسالت ربى فاستجاب لى الدعا
اور میں نے اپنے رب سے سوال کیا اور اس نے میری دعا قبول کی
فرجعت مجلوا من الاحزان
پس میں غموں سے نجات یافتہ ہوگیا

ان العدا لا يفهمون معارفى
دشمن میرے معارف کو نہیں سمجھتے
ويكذبون الحق كالنشوان
اور مستوں کیطرح حق کی تکذیب کر رہے ہیں

لا ينظرون تدبرا وتفكرا
اور تدبر اور تفکر سے نہیں سوچتے
وتابطوا الاوهام كالاوثان
اور وہموں کو بتوں کیطرح اپنی بغل میں رکھتے ہیں

ان العقول على النقول شواهد
عقلیں نقلوں پر گواہ ہیں
تحتاج انتقال الى ميزان
بوجہ میزان کے محتاج ہوتی ہیں

ان النهى ملكت يداه قلوبنا
عقل کے دونوں ہاتھ ہمارے دلوں کے مالک ہیں
ونرى بريق الحق بالبرهان
اور حق کی روشنی ہم برہان سے ہی دیکھتے ہیں

ان العدا يئسوا اذ انكشف الهدى
دشمن نومید ہوگئے جبکہ ہدایت کھل گئی
فاليوم ليس لهم بذالك يدان
پس آج انکو اسکے ساتھ مقابلہ کے ہاتھ نہیں

يا لاعنى خف قهر رب قادر
اے میری لعنت کرنیوالے خدا تعالیٰ کے قہر سے ڈر
والله انى مسلم ذوشان
اور بخدا میں ایک مسلمان ذی شان ہوں

والله انى صادق لا كاذب
اور بخدا میں صادق ہوں نہ کاذب
شهدت سماء الله والملوان
آسمان اور رات دن نے گواہی دیدی

ودعت اهوائی لحب مهیمنی
حرص و ہوا کو مین نے خدا تعالی کیلئے رخصت کر دیا
وترکت دنیا کم بلطف عنانی
اور تمہاری دنیا کو چھوڑا اور اس سے منہ پھیر لیا

وتعلقت نفسی بحضرت ملجائی
اور میرا نفس حضرت پروردگار سے تعلق پکڑ گیا
وتبرّأت من کل نشب فانی
اور ہر یک مال فانی سے بیزار ہو گیا

لا تعجلوا وتفکروا وتدبّروا
مت جلدی کرو اور فکر کرو اور سوچو
والعقل کل العقل فی الامعان
اور تمام عقل غور کرنے مین ہے

ان کنت لا تبغی الهدی وتکذب
اور اگر تو ہدایت کو قبول نہین کرتا اور تکذیب کرتا ہی
فاضرّنی بجوارح ولسان
سو مجھے اپنے ہاتھ پیر اور زبان سے دکھ پہنچا

والعن ولعن الصادقین وسبّهم
اور لعنت کرتا رہ اور سچون کو لعنت کرنا
متوارث من قادم الازمان
قدیم زمانہ سے لوگون کی ورثہ چلی آئی ہے

لن تعجزوا بمکائد رب السما
تم ہرگز اپنے فریبون سے خدا تعالی کو عاجز نہین کرسکتے
للّٰه سلطان علی السلطان
خدا تعالی کا تسلط ہر یک تسلط پر غالب ہی

انظر ذکاء ثم قمرا منصفا
سورج اور چاند کو منصف ہونیکی حالت مین دیکھہ
هذان للکذّاب ینخسفان
کیا ان دونون کو ایک کذاب کے لئے گرہن لگا

یا لاعنی خف قهر ربّ شاهد
اے میرے لعنت کرنیوالے خدا تعالی سے جو گواہ ہی خوف کر
ویریک آیات من الاحسان
اور وہ تجھے اپنے نشان دکھاتا ہے

قمر القدیر وشمسه بقضاءه
چاند اور سورج کو گرہن لگا
خسفا وانت تصول کالسرحان
اور تو ہی بھیڑئے کی طرح حملہ کر رہا ہے

للّٰه آیات یریها بعدها
ان دونون کسوفون کے بعد خدا تعالی کے اور بھی نشان ہین
هذان قد جاءاک کالعنوان
یہ دونون عنوان کی طرح ظاہر ہوئے ہین

هذا من الله الکریم المحسن
یہ خدائے کریم محسن کیطرف سے ہے
فاستیقظوا من رقدة العصیان
سو تم نادانی کی نیند سے بیدار ہو جاؤ

من کان فی بئر الشقا متهافتا
جو شخص بدبختی کے کنوئین مین گرنے والا ہو
لا ینصرن بل یهلکن کالعانی
اسکو مدد نہین دی جاویگی بلکہ وہ قیدی کیطرح مرجائیگا

لاتحسبوا برّ الفساد حديقة

تم ایسے باغ کو فساد کا جنگل مت خیال کرو

لاتظلموا لاتعتدوا لاتجرءوا

ظلم مت کرو تجاوز مت کرو دلیری مت کرو

لاتكفروا يا قوم ناصر دينكم

اے میری قوم دین کے حامی کو کافر مت ٹھہراؤ

قد جئتكم يا قوم من ربّ الورىٰ

اے میری قوم مین تمہاری طرف خدا تعالی کیطرف سے آیا ہون

ارسلت من ربّ الانام فجئتكم

مین خدا تعالی کیطرف سے بھیجا گیا پس تمہاری طرف آیا

هذا مقام الشكران مغيثكم

یہ شکر کا مقام ہے جو تمہارے فریادرس نے

يا قوم قوموا طاعة لامامكم

اے میری قوم اپنے امام کے لئے فرمانبردار بنکر کھڑے ہو جاؤ

قد جاء يوم الله فارنوا واتقوا

خدا کا دن آیا ہے سو سوچو اور ڈرو

لا يُلهكم غول دني مفسد

تمہین کوئی مفسد کمینہ اپنے رب سے مت روکے

قد قلتُ مرتجلا فجاءت هٰذه

مینے یہ قصیدہ جلدی سے کہا ہے اور یہ قصیدہ

ما قلتها من قوتي لكنّها

مین اسکو اپنی قوت سے نہین کہا مگر وہ

يا رب بارکها بوجه محمد

اے خدا محمد صلعم کے منہ کیلئے اسمین برکت ڈال

عذب الموارد مثمر الاغصان

جس کا میٹھا پانی اور شاخین پھلدار ہین

وتباعدوا عن ذالك اللهبان

اور اُس لہبان سے دور رہو

واخشوا المليك وساعة اللقيان

اور اُس حقیقی بادشاہ سے ڈرو اور نیز ملاقات کے دن سے

بُشرى لتوّاب اذا لاقاني

اس توبہ کرنے والیکو خوشخبری ہو جب وہ مجھ سے ملے

فاسعوا الى بستانه الريّان

پس خدا تعالی کے تروتازہ باغ کیطرف دوڑو

قد خصّكم بعناية وحنان

تم کو عنایت اور مہربانی کے ساتھ خاص کر دیا

وتباعدوا من معتد لعّان

اور اُس شخص سے دور رہو جو حد سے تجاوز کرنیوالا اور لعنت کرنیوالا ہے

وتستّروا بملاحف الايمان

اور ایمان کی چادرون سے اپنی پردہ پوشی کر لو

عن ربّكم يا معشر الحدثان

اے نو عمر لوگو

كالدّر او كسبيكة العقيان

موتی کیطرح ہے یا اس سونے کی طرح جو کٹھالی سے نکلتا ہے

درر من المولىٰ ونظم بناني

موتی خدا تعالی سے ہین اور میری انگلیان پرونے والی ہین

ربّ الكرام ونخبة الاعيان

جو سب کریمون سے افضل اور برگزیدون سے برگزیدہ ہے

ثم اعلم ان الله نفث فی روعی ان ھذا الخسوف والکسوف فی رمضان آیتان مخوّفتان لقوم اتبعوا
پھر جان کہ خداتعالی نے میرے دل میں پھونکا کہ یہ خسوف اور کسوف جو رمضان میں ہوا ہے یہ دو خوفناک نشان ہیں جو انکو ڈرانے کے
الشیطان وآثروا الظلم والطغیان وھیّجوا الفتن واحبّوا الافتنان وما کانوا منتھین فخوّفهم
لئے ظاہر ہوئے ہیں جو شیطان کی پیروی کرتے ہیں جنہوں نے ظلم اور بے اعتدالی کو اختیار کر لیا سو خداتعالی ان دونوں نشانوں کے ساتھ انکو ڈراتا ہے
الله بهما وکل من تبع ھواہ او ترک الصدق ومان وعصی الله الرحمان فینادی الله لئن استغفروا لیغفرن
اور ہر یک ایسے شخص کو ڈراتا ہے جو حرص و ہوا کا پیرو ہوا اور سچ کو چھوڑا اور جھوٹ بولا اور خداتعالی کی نافرمانی کی پس خداتعالی پکارتا ہے کہ اگر وہ گناہ کی
لھم ویری المنّ والاحسان ولئن ابوا فان العذاب قد حان وفیھما انذار للذین اختصموا من غیر الحق
معافی چاہیں تو انکی گناہ بخشی جائیگی اور فضل اور احسان کو دیکھیں گے اور اگر نافرمانی کی تو عذاب کا وقت تو آ گیا اور انہیں ان لوگوں کو ڈرانا بھی مقصود
وما اتقوا الرب الدیّان وتھدید للذی ابی واستکبر وما ترک الحران فاتقوا الله ولا تعثوا فی الارض
ہے جو بغیر حق کے جھگڑتے ہیں اور خداتعالی سے نہیں ڈرتے اور ایسے شخص کے لئے تہدید ہے جو نافرمانی اور تکبر اختیار کرتا ہے اور سرکشی کو نہیں چھوڑتا
مفسدین - وما لکم لا تخافونه وقد ظھرت آیة التخویف من رب العالمین - وقد ثبت فی الصحیحین
سو اس سے ڈرو اور زمین پر فساد کرتے مت پھرو - اور تمہیں کیا ہو گیا کہ تم اس سے ڈرتے نہیں حالانکہ ڈرانے کے نشان ظاہر ہو گئے اور صحیح مسلم اور بخاری سے ثابت
عن نبی الثقلین و امام الکونین صلی الله علیه وسلم فی الدارین انه قال لتفھیم اھل الایمان ان
ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مومنوں کے سمجھانے کے لئے فرمایا
الشمس والقمر آیتان من آیات الله لا ینکسفان لموت احد ولا لحیاته ولکنهما آیتان من آیاته یخوّف
کہ شمس اور قمر دو نشان خداتعالی کے نشانوں میں سے ہیں اور کسی کے مرنے یا جینے کیلئے انکو گرہن نہیں لگتا بلکہ وہ خداتعالی
الله بهما عبادہ فاذا رأیتموھا فافزعوا الی الصلوة فانظر کیف وصّا بسیّد السادات وخاتم
کے دو نشان ہیں خداتعالی ان دونوں کے ساتھ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے پس جب تم انکو دیکھو تو جلدی سے نماز میں مشغول ہو جاؤ پس دیکھ کہ کیونکر آنحضرت
النبیین - وفی الحدیث اشارة الی ان تلک الآیتین من الرحمان مخصوصتان لتخویف عصاة
صلعم نے خوف کسوف سے ڈرایا اور حدیث میں اس بات کیطرف اشارہ ہے کہ یہ دونوں نشان گنہگاروں کے ڈرانے کیلئے ہیں اور اسوقت ظاہر ہوتے
الزمان ولا یظھران الا عند کثرة المعاصی وغلوّ الخلق فی العصیان وکثرة الخبیثات والخبیثین
ہیں کہ جب دنیا میں گناہ بہت ہوں اور خلقت میں بدکاریاں پھیل جائیں اور پلید بہت ہو جائیں
ولاجل ذلک امر صلعم عند رؤیتهما لفعل الخیرات والمبادرة الی الصالحات من الصلوات
اور اسی غرض سے رسول اللہ صلعم نے گرہن کے وقت میں فرمایا کہ بہت نیکیاں کریں اور نیک کاموں کیطرف جلدی کریں

والصدقات بامحاض النیات والدعاء والبکاء کالقانتین والقانتات والرجوع الی الله والذکر
جیسی خالص نیت کے ساتھ نماز اور روزہ اور دعا کرنا اور رونا اور اللہ تعالی کی تعریف اور ذکر اور تضرع اور قیام
والتضرعات والقیام والرکوع والسجدات والتوبة والانابة والاستغفار وطلب المغفرة من الغفار والخشوع
اور رکوع اور سجدہ اور توبہ اور انابت اور استغفار اور خشوع اور ابتہال اور انکسار اور ایسا ہی
والابتہال والانکسار ومثل ذلک علی حسب الطاقة من الاحسان وفک الرقبة والعتاقة ومواسات الیتمی
حسب طاقت احسان اور غلام آزاد کرنا اور کسی کو سبکدوش کرنا اور یتیمون کی غمخواری
والغرباء والتذلل کل التذلل فی حضرة الکبریاء رب السموات والارضین ۔ فکان السر فی
اور جناب آلہی مین تذلل پس گویا کہ ان اعمال کی بجا آوری مین جو نماز اور خشوع اور ابتہال ہے یہی بھید
هذه الاعمال والخشوع والابتہال ان الشمس والقمر لا تنکسفان الا عند آفة نازلة وداهية منزلة
ہے کہ چاند اور سورج کا اسی حالت مین گرہن ہوتا ہے کہ جب کوئی آفت نازل ہونیوالی ہو اور کسی مصیبت
وعند قرب ایام الباس وانعقاد اسباب الشر الذی هی مخفیة عن اعین الناس ویعلمها رب العلمین
کا زمانہ قریب ہو اور آسمان پر ایسے اسباب شر کے جمع ہو گئے ہون جو لوگون کی آنکھون سے پوشیدہ ہین اور صرف انکو خدا تعالی جانتا ہے
فیقتضی رحمة الله تعالی وحکمته التی تری اللطف والجمال ان یعلم الناس عند کسوف طرقا هی تدفع
پس خدا تعالی کی رحمت اور اسکی پر لطف حکمت تقاضا کرتی ہے جو کسی کسوف کیوقت لوگون کو وہ طریقے سکھلاوے جو کسوف
موجباته وتزیل سیاته فعلمهم هذه الطرق علی لسان خیر المرسلین ۔ ولا شک ان الحسنات
کے موجبات کو دور کر دین اور اسکی بدیون کو ہٹا دین پس اس نے اپنے نبی کی زبان پر یہ تمام طریق سکھلادئے اور کچھ شک نہین کہ نیکیان
یذهبن السیات وتطفی نیرانا دموع المستغفرین ۔ واذا عمل عبد عملا صالحا بامحاض النیة
نیکیون سے دور ہوتی ہین اور گناہ کی معافی چاہنے والون کے آنسو آگ کو بجھا دیتے ہین اور جس وقت کوئی بندہ کوئی نیک عمل کرتا ہے
وکمال الطاعة وارضی به ربه بتحمل الاذیة فیعارض هذا العمل الذی کسبه الشر الذی انعقد سببه
اور خدا تعالی کو اس سے راضی کر دیتا ہے پس وہ نیک عمل اسکی بدی کا مقابلہ کرتا ہے جسکے اسباب مہیا ہو گئے ہین پس خدا تعالی اس
فیجعله الله من المحفوظین ۔ وهذا من سنة الله ان الدعاء یرد البلاء ولا یلتقی دعاء وبلاء الا وان
عامل کو اس بدی سے بچا لیتا ہے اور یہہ خدا تعالی کی سنت ہے کہ وہ دعا کے ساتھہ بلا کو رد کرتا ہے اور دعا اور بلا کبھی دونو
الدعاء یغلب باذن الله اذا ما خرج من شفتی الاوابین فطوبی للداعین ۔
جمع نہین ہوتین مگر دعا باذن الہی بلا پر غالب آتی ہے جب ایسے لبون سے نکلتی ہے جو خدا تعالی کیطرف رجوع کرنیوالے ہین پس دعا کرنیوالون کو خوشخبری

وإذا كان كسوف واحد من الشمس والقمر دالًا على آفات الزمان وموجب أنواع البلايا

اور جبکہ ایک گرہن ہی اس قدر آفتون پر دلالت کرتا ہے تو اس زمانہ کا کیا حال جسمین دونون گرہن

والخسران فما بال زمان اجتمع فيه كسوفان فاتقوا الله يا معشر الاخوان ولا تكونوا من

جمع ہو گئے ہون سو خدا تعالیٰ سے ڈرو اور غافل مت ہو

الغافلين - لا يقال ان النيرين ينكسفان من اسباب اثبتت بالبرهان وفصّلت في

یہ کہنا بیجا ہے کہ سورج گرہن اور چاند گرہن ان اسباب سے ہوتا ہے جو کتابون مین

الكتب بتفصيل البيان فما لها وللآفات تتوجه الى نوع الانسان عند كثرة العصيان لأن

درج ہین پس انکو ان آفات سے کیا تعلق ہے جو انسان پر گناہون کی شامت سے آتی ہین

الامر الذي مثبت عند اولي العرفان هو ان الله خلق الانسان ليدخله في المحبوبين

کیونکہ عارفون کے نزدیک یہ بات مسلم ہے کہ خدا تعالیٰ نے انسان کو اسلئے پیدا کیا ہے کہ اسکو محبوبون

المقبولين او المردودين المطرودين - وجعل تغيرات العالم دالة على خيره وشره ونفعه

مین یا مردودون مین داخل کرے اور اللہ تعالیٰ نے تمام تغیر عالم کے انسان کی خیر اور شر اور نفع

وضره وجعل العالم له كمثل المبشرين والمنذرين - وكلما اراد الله من عذاب

اور ضرر پر دلالت کرنیوالے پیدا کئے ہین اور اسکے لئے تمام عالم کو مبشر اور منذر کیطرح بنا دیا ہے اور ہر ایک وہ عذاب

وتعذيب اهل الزمان فلا ينزل العذاب ما اذنبت ايدي الانسان واصر عليه كاصرار اهل

جو خدا تعالیٰ نے انسانوں کی سزا دہی کیلئے مقرر کیا ہے وہ قبل اسکے جو انسان گناہ کرے اور گناہ پر اصرار کرے اور حد سے

الطغيان واعتدى كالمجترئين - وقد جعل لكل شئ سببا في العالمين - وجعل كل آية

گذر جائے نازل نہیں ہوتا اور خدا تعالیٰ نے عالم مین ہر ایک شے کیلئے ایک سبب بنایا ہے اور ہر ایک ڈرانیوالا

مخوفة في الزمان تنبيها لاهل الشقاوة والخسران وانذارا للمسرفين - ومبشرة

نشان بدبختون اور زیادتی کرنیوالون کیلئے مقرر کیا ہے اور وہ نشان ان کے لئے

للذين نزلوا بحضرة الوفاء وحلوا محل الصفاء والاصطفاء منقطعين - وهذه سنة

مبشر ہے جو وفا کے آستانہ پر اُتر آئے اور صفا اور اصطفا مین منقطع ہو کر نازل ہوئے اور یہ ایک سنت

مستمرة وعادة قديمة تجد آثارها في قرون خالية من حضرة متعالية وكذلك جاء

قدیمہ ہے جس کے آثار تو پہلے زمانہ مین خدا تعالیٰ کیطرف سے پائیگا اور اسی طرح

في كتب الاوّلين - وان كنت في شك فانظر الاصحاح الثاني من صحف يوئيل والثاني
پہلی کتابوں میں آیا ہے اور اگر تجھے شک ہے پس تو دوسرا باب یوئیل نبی کی کتاب کا اور
والثلاثين من حزقيل واتق الله ولا تتبع سبل المجرمين۔
بتیس باب حزقیل نبی کی کتاب کا دیکھ اور خدا سے ڈر اور مجرموں کی راہ کی پیروی مت کر۔
وحاصل الكلام ان الخسوف والكسوف آيتان مخوفتان واذا اجتمعا فهو
اور حاصل کلام یہ کہ خسوف اور کسوف دو ڈرانیوالے نشان ہیں اور جب یہ دونوں
تهديد شديد من الرحمان واشارة الى ان العذاب قد تقرر واكّد من الله لاهل
جمع ہو جائیں تو وہ خدا تعالیٰ کیطرف سے ایک سخت طور کا ڈرانا ہے اور اس بات کیطرف اشارہ ہے کہ خدا تعالیٰ کیطرف سے ظالموں کے لئے
العدوان ومع ذلك من خواصهما انهما اذا ظهرا في زمان وتجليا لبلدان فينصر الله
بہت نزدیک عذاب قرار پا چکا ہے اور باوجود اسکے انکے خواص میں سے ایک یہ بھی ہے کہ جب وہ دونوں کسی زمانہ میں ظاہر ہوں اور کسی ملک پر انکا
اهلها المظلومين - ويقوي المستضعفين المغلوبين ويرحم قوما اوذوا وكفّروا
ظہور ہو سو اس ملک میں جو لوگ مظلوم ہیں انکی خدا تعالیٰ مدد کرتا ہے اور ضعیفوں اور مغلوبوں کو قوت بخشتا ہے اور اس قوم پر رحم کرتا ہے جو دکھ دیئے
ولعنوا من غير حق فينزل لهم آيات من السماء وحمايات من حضرة الكبرياء ويخزي
گئے اور کافر ٹھہرائے گئے اور ناحق لعنت کئے گئے سو انکی تائید کیلئے آسمان سے نشان اترتے ہیں اور حمایت الٰہی نازل ہوتی ہے اور خدا تعالیٰ منکروں
المنكرين المعادين ويحكم بالحق وهو احكم الحاكمين - ويقضي بين المتشاجرين
اور دشمنوں کو رسوا کرتا ہے سچا فیصلہ کر دیتا ہے اور وہ احکم الحاکمین ہے اور نزاعوں کا تصفیہ کر کے تجاوز کرنیوالوں
ويقطع دابر المعتدين - فتصيبهم خجالة واجحام وتندم وانهزام وكذلك يخزي
کی بیخکنی کر دیتا ہے سو انکو ایک شرمندگی اور رد اور ندامت اور شکست پہنچتی ہے اور اسی طرح خدا تعالیٰ
الكاذبين يحبّ الضعفاء الاتقياء ويجيح اصل المفسدين الذين يتركون
جھوٹوں کو سزا دیتا ہے کمزوروں اور نیکبختوں کو دوست رکھتا ہے اور مفسدوں کی بیخکنی کرتا ہے وہ مفسد جو سچی نصائح
ووصايا الحق ومواقعها ويقفون ما ليس لهم به علم ويقولون امنّا بالقرآن
اور اُن کے موقع چھوڑ دیتے ہیں اور ان باتوں کی پیروی کرتے ہیں جنکا انہیں علم نہیں اور کہتے ہیں کہ ہم قرآن پر ایمان لائے
وما هم بمؤمنين يصرّون على امور لا يعلمون حقيقتها وامروا بالتزام طرق التقوى
حالانکہ نہیں ایمان لائے ان امور پر اصرار کرتے ہیں جنکی حقیقت کی انہیں خبر نہیں اور حکم تھا کہ تقوی کے طریقوں کو لازم پکڑو

فترکوها وکفروا اخوانهم المؤمنين۔ اولئك يئسوا من ايام الله وبشاراتها
سو انہوں نے ان راہوں کو چھوڑ دیا اور اپنے بعض بھائیوں کو کافر ٹھہرایا۔ یہ لوگ خدا تعالیٰ کے دنوں اور اس کی بشارتوں سے نا امید ہو گئے

ونبذوها وراءهم بعد المبعدين۔ وسيعلمون كيف يكون مآل المفتتنين الخائنين۔
اور ان کو بہت دور ڈال دیا پس عنقریب جان لیں گے کہ فتنہ پردازوں اور خیانت پیشوں کا انجام کیا ہے

ومن خواص هذين الكسوفين انهما اذا اجتمعا
اور اس خسوف کسوف کے خواص میں سے ایک یہ بھی ہے کہ جب وہ

في رمضان الذي انزل الله فيه القرآن۔ فيشيع الله بعدها العلوم
رمضان میں جمع ہوں وہ رمضان جس میں قرآن نازل ہوا سو اس کے بعد خدا تعالیٰ علوم صحیحہ کو پھیلائے گا

الصادقة الصحيحة ويبطل البدعات الباطلة القبيحة ويُري الناس الى
اور بدعات باطلہ کو دور کرے گا اور خدا تعالیٰ امام زمان کے لئے ایک عظیم الشان

امامهم باستعدادات شتى وتجري من العلوم الحقة انهار عظمى ويتوجه
تجلی دکھلائے گا وہ نہایت مہربانی کی تجلی ہوگی اور زمین میں اس کی مثل نہ پائی جائیگی اور لوگ اپنے امام کی طرف مختلف استعدادوں کے

الخلق من القشر الى اللب ومن البغض الى الحب ومن المجاز الى الحقيقة ومن
ساتھ آئیں گے اور علوم حقہ سے نہریں جاری ہونگی اور لوگ چھلکے سے مغز کی طرف توجہ کریں گے اور بغض سے حب کی طرف پھرینگے اور مجاز

التيه الى الطريقة ويتنبه الذين اخطأوا مشربهم من الحق والصواب
سے حقیقت کی طرف آئینگے اور آوارہ گردی سے راہ راست کی طرف رخ کرینگے اور جنہوں نے اپنے مشرب حق میں خطا کی وہ متنبہ ہو جائینگے

ويرجع الذين سرحوا افكارهم في مرعى التباب ويتندم الذين ضاع من ايديهم
اور جو ہلاکت کی طرف گئے تھے وہ پھر رجوع کرینگے اور جن کے ہاتھوں سے امام کی تعظیم ضایع ہوگئی وہ شرمندہ ہونگے اور جنہوں نے

تعظيم الامام ويتطهر الذين تلطخوا من انواع الآثام ويهيج تلك التاثيرات
ان دونوں کا قدر نہیں کیا وہ ندامت اٹھاوینگے اور جو لوگ گناہ میں آلودہ تھے وہ پاک ہو جائیں گے اور یہ تاثیریں افلاک کے

في قوى الافلاك بحكم مالك الاحياء والاهلاك فيمتلأ العالم من التوحيد
قویٰ میں جوش میں آئینگی اس مالک کے حکم سے جو زندہ کرتا اور مارتا ہے پس یہ عالم توحید اور معرفت کے

وانوار العرفان ويخزي الله حماة الشرك والكذب والعدوان وتأتي ايام جذبات الله
نور سے بھر جائیگا اور خدا تعالیٰ شرک اور جھوٹھ اور ظلم کے حامیوں کو رسوا کریگا اور بعد گمراہی کے جذبات الٰہی

بعد ایّام الضلال وتجد کل نفسٍ ما تلیق بها من الکمال فمن کان حریّا بمعارف

کے دن آئینگے اور ہریک نفس اس کمال کو پالے گا جو اسکی شان کے لائق ہے پس جو شخص توحید کے معارف

التوحید یعطی له غضّ طریّ من حقائق الکتاب المجید ومن کان مستعدا للعبادات

کے لائق ہوگا اسکو تازہ بتازہ حقائق قرآن شریف عطا ہونگے اور جو شخص عبادات کے لئے مستعد ہوگا

یُعطی له توفیق الحسنات والطاعات ویجعل الله مقام المجدد مرکز البلاد ومرجع

اسکو حسنات کی توفیق دی جائیگی اور خدا تعالی مجدد کے مقام کو مرکز بلاد کریگا اور مرجع عباد

العباد ویبلغ اثره الی اقصی الارضین۔

ٹھہرائیگا اور زمین کے کناروں تک اسکا اثر پہنچا دے گا۔

فالحاصل ان من خواص هذا الاجتماع رجوع الخلق الی الله المطاع

پس خلاصہ کلام یہ کہ اس خسوف کسوف کے اجتماع کے خواص میں سے ایک یہ خاصہ ہے کہ خدا تعالی کیطرف

وعسر المتکبّرین ویسر المنکسرین لله فیهما تجلّیات جمالیة وجلالیة فلا تعجب فان الحضرة

لوگوں کا رجوع ہوگا اور متکبر تنگ ہونگے اور شکستہ دل راحت پائینگے اور خدا تعالی کو اس کسوف خسوف میں تجلیات جمالی اور جلالی ہیں

متعالیة فتقدیم القمر علی الشمس اشارة الی تقدیم التجلی الجمالی وانکساف الشمس بعده اشارة

پس قمر کا شمس پر مقدم کرنا جمالی تجلی کیطرف اشارہ ہے اور پھر اسکے بعد سورج گرہن ہونا جلالی تجلی کیطرف اشارہ

الی التجلی الجلالی فاتقوا ان کنتم متقین وفی هذا التجلی الجلالی والجمالی اشارة الی ان مهدی

ہے اور اس جلالی اور جمالی تجلی میں اس بات کیطرف اشارہ ہے کہ مسیح آخر الزمان دونوں

آخر الزمان ومسیح تلک الاوان یوصف بکل نوع فقر وسیادة ویعطی نصیبا معتدا به من کل سعادة ویُصبّغ

نوع فقر اور سیادت سے حصہ پائے گا اور ہر یک سعادت میں سے اسکو نصیب ہوگا

بصبغ القمریین والشمسیین والجمالیین والجلالیین باذن احسن الخالقین۔

قمریوں اور شمسیوں اور جمالیوں اور جلالیوں کے رنگ دیا جائیگا

فلا تتیهوا فی بوادی الوسواس واعلموا انّ مقت الله اکبر من مقت الناس

پس تم وسوسوں کے جنگلوں میں آوارہ مت پھرو اور یقینا سمجھو کہ خدا تعالی کا غضب انسانوں کے غضب سے زیادہ ہے

فلا تتبعوا خطوات الخناس واتونی مومنین۔ وادعوا الله ان یهب لکم فهما

پس تم خناس کی پیروی مت کرو اور مومن بنکر میرے پاس آجاؤ اور میں دعا کرتا ہوں کہ خدا تعالی تمہیں سمجھ

وبصرًا ولسانًا وقلبًا وأذنًا ووجدانًا ويهديكم ويجعلكم من المهتدين۔ اعلموا

اور زبان اور دل اور کان اور وجدان عطا کرے اور تمہیں ہدایت دی اور ہدایت مندوں میں کردے۔ اے

یا معشر الغافلین ان الله لا یضیع الدین وقد جرت سنته واستمرت عادته

غافلوں کے گروہو تمہیں معلوم ہو کہ خدا تعالی دین کو ضائع نہیں کرتا اور خدا تعالی کی سنت اور عادت اسیطرح پر جاری

بانه اذا جاء زمان الظلام وجعل دین الاسلام غرض السهام وطال علیه السنة الخواص والعوام

ہے کہ جب تاریکی کا زمانہ آجاوے اور دین اسلام تیروں کا نشانہ ٹھرایا جاوے اور اسپر خواص اور عوام کی زبانیں جاری ہوں

واختار الناس طرق الارتداد وافسدوا فی الارض غایة الافساد فتتوجه القیومیة

اور لوگ ارتداد کے طریقے اختیار کرلیں اور زمین میں غایت درجہ کا فساد ڈالدیں پس قیومیت الہیہ توجہ

الالهیة الی حفظه وصیانته ویبعث عبدًا لاعانته فیجدد دین الله بعلمه وصدقه

فرماتی ہے کہ تا دین کی حفاظت کرے اور کوئی بندہ اسکی اعانت کیلئے کھڑا کر دیتا ہے پس وہ دین اسلام کو اپنے علم اور صدق

وامانته ویجعل الله ذلك المبعوث زکیًا وبالفیوض حریًا ویکشف عینه ویهب له

اور امانت کے ساتھ تازہ کر دیتا ہے اور خدا اُس مبعوث کو زکی اور لائق فیض بناتا ہے اور اُسکی آنکھ کھولتا ہے اور اُس کو تازہ

علمًا غضًا طریًا ویجعله لعلوم الانبیاء من الوارثین۔ فیاتی فی حلل تقابل حلل

بتازہ علم بخشتا ہے اور نبیوں کے علموں کا اُسکو وارث ٹھراتا ہے۔ پس وہ ایسے پیرائیوں میں آتا ہے جو

فساد الزمان وما یقول الا ما علمه لسان الرحمان وتعطی له فنون من مبدء

فساد زمانہ کے پیرائیوں کے مقابل پر ہوتے ہیں اور وہی کہتا ہے جو خدا کی زبان نے اُسے سکھایا ہو اور مبدء فیضان سے کئی

الفیضان علی مناسبات فساد اهل البلدان ثم لا تعجب من ان روحانیة القمر

قسم کے علم اوسکو دئیے جاتے ہیں جو زمانہ کے فساد کے موافق ہوں۔ پھر تو اس بات سے کچھ تعجب مت کر کہ چاند کی روحانیت

تقبل بعض انوار الله فی حالة الانخساف وروحانیة الشمس فی وقت الانکساف

حالت انخساف میں کچھ انوار الہی قبول کر لیتی ہے ایسا ہی سورج کی روحانیت بھی۔

فان هذا من اسرار الهیة وعجائبات ربانیة فلا تکن من المرتابین۔

کیونکہ یہ خدا تعالی کے بھیدوں اور عجائبات میں سے ہے پس اسمیں شک مت کر۔

وربما یختلج فی قلبك ان القرآن لا یشیر الی رمضان فاعلم

اور بسا اوقات تیرے دل میں یہ گذریگا کہ قرآن رمضان کیطرف اشارہ نہیں کرتا پس جان

انّ الفرقان ذكره على الطريق المجمل المطوي وهو كاف للبصير الزكي ولا حاجة الى
کہ قران نے مجمل طور پر خسوف کسوف کا ذکر کیا ہے اور وہ ایک بصیر زکی کے لئے کافی ہے اور کسی تفصیل
تفصيل وتبيين -
کی حاجت نہیں -

واما اذا سئلت شيئا عن تفصيله فاعلمك اقل من قليله فاعلم
لیکن اگر تو کچھ اسکی تفصیل چاہے سو مین کمتر از کم تجھ بتلاتا ہون سو جان کہ خدا تعالی نے
ان الله تبارك وتعالى اسّس نظام الدين من رمضان فانه انزل فيه القرآن
دین کا نظام رمضان سے ہی باندہا ہے کیون کہ اس نے اِس مین قران نازل کیا ہے
فلما ثبتت خصوصية هذا الشهر المبارك بنظام الدين وفيه ليلة القدر
پس جب کہ اس مہینہ کی خصوصیت نظام دین کے ساتھ ثابت ہوئی اور اسی مہینے مین لیلۃ القدر ہے
وهو مبدء لانوار الدين المتين وثبت ان العناية الالهية قد توجهت
اور وہ مبدء دین کے انوار کا ہے اور ثابت ہوا کہ عنایت الٰہیہ رمضان مین ہے نظام خیر کی
الى نظام الخير في رمضان واجرت الفيضان فبان ان الله لا يتوجه لـ
طرف متوجہ ہوئی ہے اور ابتداے فیضان کا اسی مہینہ سے ہوا پس اس سے ثابت ہوا کہ خدا تعالے
اعانت انتظام فی اخر ایام الظلام الا فی ذالك الشهر المبارك للاسلام وقد عرفت
اعانت نظام کے لئے تاریکی کے انتہا کے وقت صرف رمضان مین ہی توجہ فرماتا ہے اور تو پہچان چکا
ان الانخساف والانكساف توجه جمالى وتجلى جلالى وفيه انوار لنشاءة ثانية
ہے کہ خسوف اور کسوف جمالی اور جلالی تجلی ہے اور یہہ تجلی نشاء ثانیہ اور تبدلات
وتبدلات روحانية وهو لبنة اولى لتاسيس نظام الخير وتعمير المساجد وتخريب
روحانیہ کے لئے ہے اور یہ نظام خیر کی بنیاد کے لئے پہلی اینٹ ہے اور نیز مساجد کی تعمیر اور
الدير وتغلب فيه القوى السماوية على القوى الارضية والانوار المسيحية على الحيل الدجالية
دیر کے خرابی کے لئے اور اسمین آسمانی قوتین زمینی قوتون پر غالب آجائینگی اور مسیحی نور دجالی حیلون سے
ويرى الله خلقه سراجا وهاجا فيدخلون في دين الله افواجا وكان قدرا مقضيا من رب العالمين
بڑھ جائینگے اور خدا تعالی اپنی خلقت کو ایک روشن چراغ دکھائیگا پس وہ فوج در فوج دین الٰہی مین داخل ہونگی -

القصیدہ

قد جاء یوم اللہ یوم اطیب
خدا کا دن آگیا جو پاک دن ہے

بشری لذی رشد یقوم و یطلب
اس رشید کو خوشخبری ہو جو کھڑا ہوتا ہے اور اسکو ڈھونڈتا ہے

سبقت ید اجبارنا سیف العدا
ہماری جبار کے ہاتھ دشمنوں کی تلوار سے بڑھ گئے

فتری العدو النکس کیف یترب
پس تو دشمن ضعیف کو دیکھیگا کہ کیونکر خاک میں ملایا جاتا ہے

وانا المسیح فلا تظنن غیرہ
اور میں ہی مسیح موعود ہوں پس کوئی دوسرا خیال مت کر

قد جاءک المہدی وانت تکذب
تیرے پاس مہدی موعود آیا اور تو تکذیب کرتا ہے

ھل غادر الکفار من نوع الاذی
کیا کفار نے کسی قسم کا دکھ اٹھا رکھا ہے

ام لا تری الاسلام کیف یذوب
یا تو اسلام کو نہیں دیکھتا کہ کیونکر گداز کیا جاتا ہے

حلت بارض المسلمین جموعہم
مسلمانوں کی زمین میں انکے گروہ نازل ہوئے

وخبیثہم یوذی النبی ویاشب
اور انہیں سے جو پلید ہے وہ نبی صلعم کو دکھ دیتا اور عیب نکالتا ہے

انی اری ایذاءھم وفسادھم
میں ان کے ایذا اور فساد دیکھتا ہوں

ویذوب روحی والوجود یثقب
اور روح گداز ہوتی ہے اور وجود میں سوراخ ہوتا ہے

عین جرت من قطر دمع عینہا
آنکھ سے آنسوؤں کی بارش کے ساتھ چشمہ جاری ہے

قلب علی جمر الغضا یتقلب
دل افروختہ کوئلوں پر جو غضا کی لکڑی کے ہیں لوٹ رہا ہے

من کل قنات وجبل شاھق
تمام پہاڑوں کی چوٹیوں اور بلند پہاڑوں سے

وشوامخ نسلوا وطیء المجنب
اور اونچی پہاڑوں سے دشمن دوڑے اور عرب کی سرحد تک پہنچ گئے

وعلی قنان الشامخات مصیبۃ
اور بلند پہاڑوں کی چوٹیوں پر ایک بڑی مصیبت ہے

عظمی فاین الوھد منہم تہرب
پس نشیب انکے حملوں سے کہاں بھاگ جائیں

ریح المصائف قد اطالت لہبہا
گرمی کی ہوا نے اپنے شعلے لمبے کر دئے

من سومہا وسہامہا نتعجب
اسکے چلنے اور اسکی لو سے ہم تعجب کرتے ہیں

ما بقی من سبب ولا من رمۃ
کوئی پکا سبب اور کوئی کچا سبب باقی نہ رہا

الا الذی ھو قادر ومسبب
مگر وہ خدا جو سببوں کو پیدا کرتا ہے

شبّوا لظی الطغوی فبعد ضرامہ
انہوں نے حد سے بڑھنے کی آگ کو بھڑکا دیا سو اسکی بھڑکنے کے بعد
حرق کجبل ساطع اسنامہ
یہ وہ آگ ہے جو بلند پہاڑ کی طرح اسکی چوٹی ہے
انّی اری اقوالہم کاسنّۃ
مین انکی باتون کو برچھیون کی طرح دیکھتا ہون
او کابن عم المرھفات کلالۃ
یا وہ دور کے رشتہ سے تلوارون کے چچیرے بھائی ہین
ظلعوا الی ظلم و زیغ حسیسۃ
کینہ کی وجہ سے ظلم اور کجی کیطرف مائل ہو گئے
و اری الذی الغول یہوی نحوھم
اور مین کینہ دیو کو دیکھتا ہون جو انکی طرف جھکتا ہے
ابل من الفاقات احنق صلبہا
ایک اونٹ ہے جو فاقون سے اسکی کمر دبلی ہو گئی
لیسوا من الاسرار فی شیٔ ھدی
اسرار ہدایت مین سے انکو کچھ بھی حصہ نہین
ما آمنوا حتی اذا خسف القمر
ایمان نہ لائے یہانتک کہ چاند گرہن ہوا
یئسوا من الرحمان والکلم التی
خدا تعالی سے نومید ہو گئے اور نیز اُن کلمون سے
او لم تکن تدری قلوب عدا الہدی
کیا وہ جو ہدایت کے دشمن ہین انکے دل نہین جانتے
او لم تکن عین البصیر رقیبنا
کیا دیکھنے والے کی آنکھ ہم کو تاڑ نہین رہی

ھاج الدخان و کلّ طرف یشغب
دھوان اُٹھا اور ہر ایک طرف تباہی ڈالی
فتن تبید الکائنات و تنہب
یہ وہ فتنے ہین جو ہلاک کرتے جاتے اور لوٹتے جاتے ہین
تؤذی القلوب جروحہا و تعذّب
دلون کو اُنکے زخم دکھہ دیتے ہین اور عذاب پہنچاتے ہین
او کالسہام المصمیات تتبّب
یا وہ اُن تیرون کیطرح جو خطا نہین کرتے ہلاک کرنیوالے ہین
والی کلام یوذین و یحرّب
اور اس کلام کیطرف مائل ہو گئے جو دکھہ دیتی اور غصہ دلاتی ہے
والی اشائب قومہم یتأشّب
اور اُن جماعتون مین ملتا ہے۔
فاختار ادیار القوت یکسب
سو اوس نے گرجا اختیار کیا تا قوت حاصل کرے
ما ان اری من بالدقائق یأرب
مین انہین کوئی نہین دیکھتا جو باریک باتوں کو شناخت کرنیوالا ہو
علہت قلوب المنکرین و انّبوا
منکرون کے دل حیران ہو گئے اور سرزنش کئے گئے
کانوا علیہا قائمین و ثرّبوا
جنپر قایم تھے اور سرزنش کئے گئے
انّ المہیمن یخزین من ینکب
کہ خدا تعالی راہ سے پھرنیوالے کو رسوا کرتا ہے
ہل یستوی الاتقی و رجل حوب
کیا پرہیزگار اور گنہگار دونون برابر ہو سکتے ہین

ظهرت علامات الخسوف بليلة
چاند گرہن کی علامات ایک رات خوشنما ہین
متفرق غيم السماء وزجله
بادل الگ الگ ہین اور انکی جماعتین سفید ہین
طورا ترى مثل الظباء بحسنها
بعض وقت تو یہ بادلوں کے ٹکڑے ہرنوں کیطرح اپنے حسن مین ظاہر ہوتے ہین
قمر كظعن والسحاب قرامها
چاند ہودج نشین عورتوں کیطرح ہے اور بادل اس ہودہ کا پردہ
صبّت على قمر السماء مصيبة
آسمان کے چاند پر مصیبت پڑ گئی
انى ارى قطر البلية كانه
مین مینہ اسکے پاس دیکھتا ہون گویا کہ وہ
يا قمر زاوية السماء تصبّرن
اے گوشہ آسمان کے چاند
ابشر سيحسر الظلام بفضله
خوش ہو کہ عنقریب تاریکی دور ہو جائیگی
ان المهيمن لا يضيع ضياءه
خدا اپنی روشنی کو دور نہین کرتا
هذا ظلام الساعتين وانني
یہ تو دو گھڑی کا اندھیرا ہے اور مین
تلج السحاب لتبكين تالّما
تو بادل مین داخل ہوتا ہے تاکہ درد دل سے رووے
ذرفت عيونك والدموع تحدرت
تیرے آنسو جاری ہو گئے

طلق لذيذ والرواعد تصخب
ظاہر ہو گئین اور بادل آواز کر رہے ہین
بيض كأن نعاج واد تسرب
گویا جنگل کی بھیڑین ایک طرف چلی جاتی ہین
اخرى كآرام تميس وتهرب
اور کبھی کم عمر ہرنون کیطرح نازسے چلتے اور بھاگتے ہین
والريح كلّتها لينهى الاجنب
اور ہوا اسکا باریک پردہ ہے تاکہ اجنبی کو روکا جاوے
وكمثلنا بزوال نور يرعب
اور ہماری طرح نور کے زوال پر ڈرایا جاتا ہے
يبكى كرجل ينهبن ويخيّب
اس شخص کیطرح روتا ہے جو لوٹا جاوے اور نومید کیا جاوے
مثلى فيدركك النصير الاقرب
میری مانند صبر کر پس خدا تیری مدد کریگا
ان البلية لا تدوم وتذهب
مصیبت ہمیشہ نہین رہتی اور چلی جاتی ہے
فلكل نور حافظ ومؤرّب
اور ہر ایک نور کے لئے نگہبان ہے اور پورا کرنیوالا
من برهة ارنو الدجى واعذّب
ایک زمانہ سے اندھیرا دیکھ رہا ہون اور دکھ اٹھاتا ہون
والصبر خير للمصاب واصوب
اور مصیبت زدہ کے لئے صبر کرنا بہتر ہے
من مثلك الاواب هذا اعجب
اور یہ تیرے جیسے اواب سے عجیب ہے

هلا سألت مجرّباً عند الاذیٰ
تو نے دکھ کے وقت کسی تجربہ کار کو کیوں نہ پوچھا
تبکی علیٰ ھذا القلیل من الدجیٰ
تو تھوڑے سے اندھیرے کے لئے روتا ہے
اثنی علیٰ ربّ الانام فانه
میں خدا تعالیٰ کی تعریف کرتا ہوں
قمر السماء مشابه بقریحتی
آسمان کا چاند میری طبیعت سے مشابہ ہے
نصعت مقاصد ربنا بخسوفه
اسکے گرہن سے ہماری خداوند کے مقاصد ظاہر ہو گئے
ظهرت بفضل الله فی بلداننا
خدا کے فضل سے اسکے بڑے نشان
قمر کمثل ظعینة فی ظعنها
چاند ایسا ہی جیسے ہودہ میں ہودہ نشین عورت
ودق الرواعد قد تعرّض حوله
بادلوں کا مینہ اس کے گردا گرد ہے
غیم کاطباق تصرّ خیامه
بادل طبق بر طبق سے اسکے خیموں کی آواز آ رہی ہے
قمر بحلیته مشاکهة الدم
چاند اپنی شکل میں خون کے مشابہ ہو رہا ہے
فی جلهتیه بدا السحاب کانه
اسکے دونوں کناروں میں اس طرح سے بادل ہے گویا وہ
قد صار قمر الله مطعون الدجیٰ
خدا تعالیٰ کے چاند کو تاریکی کی تہمت لگائی گئی

ولکل امر عقدة ومجرّبُ
اور ہر ایک امر میں ایک عقدہ ہوتا ہے اور نیز ہی ایک تجربہ کار
سرنا بجوف اللیل یا متأوّبُ
ہم رات کی وسط میں پھرے ہیں اے رات کی ابتدا میں آنیوالے
ابدا نظیری فی السماء فاطربُ
جو اُس نے آسمان میں میرا نظیر ظاہر کیا
کطلیح اسفار السّریٰ یتطرّبُ
اُس اونٹ کیطرح جو رات چلنے کی مشق رکھتا ہے
فاطلب هداه وما اخالك تطلبُ
سو اسکی ہدایت کو ڈھونڈھ اور میں نہیں امید رکھتا کہ تو ڈھونڈے
اٰیاته العظمیٰ فتوبوا وارهبوا
ہمارے ملک میں ظاہر ہو گئے پس توبہ کرو اور اُس سے ڈرو
شاقتك جلوته وفیها ترغبُ
اسکا جلوہ شوق بخش ہے اور رغبت دہ ہے
ارزامها فی کل حین یعجبُ
ان بادلوں کی آواز ہر وقت تعجب میں ڈالتی ہے
رعد کمثل الصائحین یأوّبُ
اور بادل کی گرج نیک بختوں کیطرح تسبیح میں ہے
وجه کغضبان یهول ویرعبُ
غصہ والوں کے طرح منہ ہے جو ڈراتا ہے
کفف علی ایدی التی هي تغضبُ
سوئی کے نقش کے دائرہ میں اس طرح سے ہاتھ میں جو غصہ میں ہو
لیل منیر - کافر فتعجبوا
چاندنی رات اندھیری رات بنگئی پس تعجب کرو

انی اراہ کثوبِ دارٍ خربة
مین اسکو خراب شدہ گہر کی خندق کیطرح دیکہتا ہون

کسفت ذکاء الله بعد خسوفه
